# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 24 July 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲۴/جولائی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

- ☆ **مرکزی بجٹ میں پیداواری صلاحیت ' روزگار ' سماجی انصاف ' سمیت بدلتے وقت کے ساتھ اصلاحات کو ترجیح**
- ☆ **تنخواہ دار ملازمین کے لیے معیاری کٹوتی کی حد 75/ہزار روپے اور فیملی پینشنرس کے لیے 25/ہزار روپے کی حد مقرر**
- ☆ **مہاراشٹر کے لیے تقریباً 4/ہزار 545/کروڑ روپے مختص ' جبکہ ریاست کے ساتھ سوتیلا سلوک کرنے کی اپوزیشن پارٹیوں کی تنقید**
- ☆ **ریاستی کابینہ کا آشا رضا کاروں' آنگن واڑی کارکنوں' گروپ پرموٹروں کو حادثاتی موت کے لیے 10 لاکھ روپے اور معذوروں کے لیے 5 لاکھ روپے دینے کا فیصلہ**

**اور**

- ☆ **خواتین ایشیاء کپ T-20/کرکٹ ٹورنامنٹ میں نیپال کو ہرا کر بھارت سیمی فائنل میں داخل**

**اب خبریں تفصیل سے...**

ٹیکس دہندہ گان کو راحت ' صنعتی شعبہ کو بڑھوتری ' مذہبی سیاحت کی ترقی اور قدرتی کھیتی کو برھاوا دینے والا رواں مالی سال کا بجٹ مرکزی وزیر مالیات نرملا سیتا رمن نے کل پارلیمنٹ میں پیش کیا۔ پیداوار ' روزگار ' سماجی انصاف' شہری ترقی' توانائی ' سکیوریٹی ' بنیادی سہولیات سمیت یہ بجٹ دیگر 9/ترجیحات پر مبنی ہے۔ اِس بجٹ میں تنخواہ دار ملازمین کے لیے معیاری کٹوتی کی حد 75/ہزار روپے اور فیملی پینشنرس کے لیے 25/ہزار روپے کرنے کی تجویز ہے۔

3/لاکھ روپئے تک کی سالانہ آمدنی پر مکمل چھوٹ ہے۔ 3/ سے 7/لاکھ روپئے کے درمیان آمدنی پر 5/فیصد ، 7/ سے 10/لاکھ روپئے تک 10/فیصد، 10/ سے 12/لاکھ تک 15/فیصد ، 12/لاکھ تا 15/لاکھ روپئے تک 20/فیصد جبکہ 15/لاکھ روپئے سے زائد سالانہ آمدنی پر 30/فیصد انکم ٹیکس لگایا جائے گا۔ یہ دفعات نئے ٹیکس ریٹرن کے طریقہ کار کے تحت ٹیکس کی تشخیص کے لیے لاگو ہوگی۔ اِن تبدیلیوں سے تنخواہ دار ملازمین کے انکم ٹیکس میں ساڑھے سترہ ہزار روپئے کی بچت ہوگی اور 4/کروڑ سے زائد تنخواہ دار ملازمین اِس سے مستفید ہوں گے۔

***** ***** *****

اِس بجٹ میں کینسر مرض کی 3/دوائیں اور طبی آلات ، موبائیل فون اور الیکٹرک گاڑیوں کے کل پُرزے ، چمڑے کے سامان، جوہری توانائی کے آلات بشمول پلاٹینم ، سونا ، چاندی ، تانبا اور دیگر 25/دھاتوں پر کسٹم ڈیوٹی میں کمی کی گئی ہے جبکہ پلاسٹک ، فلیکس و دیگر پر کسٹم ڈیوٹی میں اضافہ کی تجویز ہے۔

***** ***** *****

پی ایم آواس اسکیم کے تحت 3/کروڑ اضافی گھر بنائے جائیں گے۔ شہری علاقوں میں غریبوں کی رہائش کے لیے 10/لاکھ کروڑ روپئے مختص کیے گئے ہیں۔ جبکہ خواتین اور لڑکیوں کی ترقی کے لیے 3/لاکھ کروڑ روپئے مختص کیے گئے ہیں۔ روزگار اور ہنر کی تربیت کے لیے 5/اسکیموں کے پیکیج کا اعلان کیا گیا۔ پہلی مرتبہ نوکری تلاش کرنے والوں کو کام پر لینے کی مدد کے لیے اُجروں کو ایک ماہ کی تنخواہ بطور سبسیڈی دی جائے گی۔ اِس اسکیم کے لیے اہلیت کی حد ایک لاکھ روپئے ماہانہ تنخواہ ہے اور اسکیم کی مدت 2/سال ہوگی۔

***** ***** *****

نوجوانوں کے لیے انٹرن شپ اسکیم کا نرملا سیتارمن نے اعلان کیا۔ اِس میں آئندہ 5/سالوں میں 500/کمپنیوں میں نوجوانوں کو 12/مہینے انٹرن شپ کی تجربہ ملے گا۔ اِس کے لیے ہر مہینہ 5/ہزار روپئے اسکالرشپ اور میعاد مکمل ہونے پر 6/ہزار روپئے کی مالی امداد کی جائے گی۔

مُدرا اسکیم کی قرض کی حد 20/لاکھ روپئے تک بڑھائی گئی ہے۔

ایک کروڑ کسانوں کو قدرتی کھیتی کی ترغیب دینے کے لیے زائد پیداوار دینے والی مختلف 32/اقسام اور باغبانی فصلوں کے لیے 100/نئے اقسام دستیاب کروائی جائیں گی۔

***** ***** *****

زرعی شعبہ کی ترقی کے لیے ایک لاکھ 52/ہزار کروڑ روپئے ٗ دیہی ترقی کے لیے 2/لاکھ 66/ہزار کروڑ روپئے جبکہ تعلیم ٗ روزگار اور ہنر کی ترقی کے لیے ایک لاکھ 48/ہزار کروڑ روپئے کی فراہمی کی گئی ہے۔وزیراعظم قبائلی ترقی مشن کا اعلان اِس بجٹ میں کیا گیا ہے۔اِس کے ذریعے 63/ہزار گاؤں کے 5/کروڑ آدی واسیوں کو فائدہ ہوگا۔

***** ***** *****

وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ یہ بجٹ سماج کے تمام طبقات کو خود مختار کرنے والا ہے۔اِس سے معاشی ترقی کو نئی رفتار ملے گی اور یہ رفتار مسلسل رہے گی۔صنعت اور معاشی شعبہ میں کام کرنے والی بھارتی صنعتی تنظیم CII ٗ بھارتی معاشی وصنعت تنظیم FICCI اسوچیم ودیگر تنظیموں نے اِس بجٹ کا خیر مقدم کیا ہے۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ یہ بجٹ ترقی یافتہ بھارت کے تصور کو تقویت دے گا جبکہ نائب وزیراعلیٰ و وزیرخزانہ اجیت پوار نے کہا کہ یہ بجٹ عوامی بہبود کا بجٹ ہے جس میں کمزور ٗ پسماندہ اقلیتی گروہ کی ترقی پر زور دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

اپوزیشن جماعتوں نے اِس بجٹ پر تنقید کی ہے۔ودھان پریشد کے قائد حزب اختلاف امبا داس دانوے نے تنقید کی ہے کہ مرکزی حکومت ملک کو سب سے زیادہ ٹیکس دینے والی مہاراشٹر ریاست کے ساتھ سوتیلا سلوک کررہی ہے۔ودھان سبھا کے قائد حزب اختلاف وجے وڈیٹی وار نے کہا کہ بہار اور آندھرا پردیش کو مرکز میں حکومت سازی کی حمایت کی وجہ سے فنڈ دیا جارہا ہے۔

دریں اثناء اِس بجٹ میں مہاراشٹر کے لیے تقریباً 7؍ہزار کروڑ روپئے کی فراہمی ہونے کی اطلاع نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے دی۔ انھوں نے کہا کہ ابتدائی جائزہ کے مطابق اِس میں وِدربھ اور مراٹھواڑہ میں آبپاشی کے منصوبوں کے لیے 600؍کروڑ روپئے ۔دیہی سڑکوں کی بہتری کے لیے 400؍کروڑ روپئے زرعی منصبوں کے لیے 598؍کروڑ روپئے ' صنعتوں کے لیے 466؍کروڑ روپئے شامل ہیں۔

چھترپتی سنبھاجی نگر کے چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ نندکشور مالپانی کے اِس بجٹ کا تجزیہ آج صبح 11؍بجے ہمارے مرکز سے نشر کیے جانے والے پروگرام '' پراسنگک '' میں سنا جاسکتا ہے۔

***** ***** *****

طبی نصاب داخلہ امتحان NEET-UG کو منسوخ کرکے دوبارہ امتحان منعقد کیے جانے کی درخواست کو سپریم کورٹ نے مسترد کردیا۔ اِس معاملہ میں داخل کردہ کئی عرضیوں پر ہوئی سماعت میں چیف جسٹس کی سربراہی والی بینچ نے فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ پرچہ افشاء ہونے اور امتحانی نظام میں خرابی کا کوئی ثبوت نہیں ملا ۔ اگر دوبارہ امتحان لیا جاتا ہے تو عدالت نے امکان ظاہر کیا کہ 23؍لاکھ سے زائد امتحانی اور تعلیمی پروگرام متاثر ہوں گے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن کے ذریعہ منعقدہ 2023ء کے ریاستی خدمات کے مین امتحان کے انٹرویو کے لیے اہل امیدواروں کا طبی معائنہ چھترپتی سنبھاجی نگر ' ممبئی ' پونے اور ناگپور میں کیا جائے گا۔امیدواروں کو تاریخ اور مقام علیحدہ طور پر بتلایا جائے گا۔

***** ***** *****

آشا کارکنان اور آنگن واری خدمت گاروں سمیت گروپ صدور کو ہمدردانہ امداد دینے کا فیصلہ ریاستی مجلس وزراء نے لیا ہے۔ حادثاتی موت والوں کے لیے 10؍لاکھ روپئے اور معذوری کے لیے 5؍لاکھ روپئے امداد فراہمی کا فیصلہ بھی کل کابینہ نے لیا۔معذور ملازمین کے لیے 30؍جون 2016ء سے عہدہ پر ترقی کے لیے تحفظات ' زرعی پیداوار کے نقصانات طئے کرنے کے لیے جدید طریقے کار وضع کرنے' یشونت راؤ ہولکر اسکیم مستقل جاری رکھنے جیسے فیصلے بھی کل منعقدہ اجلاس میں لیے گئے۔ریاست میں بارش کی صورتحال اور سبھی آبی ذخائر میں موجود پانی کے ذخیرے کا جائزہ بھی وزیر اعلیٰ نے اِس اجلاس میں لیا۔

***** ***** *****

خواتین کے ایشیاء کپ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ میں کل نیپال کو 82 ؍رنوں سے شکست دے کر بھارت نے سیمی فائنل میں داخلہ حاصل کرلیا۔ سری لنکا کے دامبولہ میں کل کھیلے گئے مقابلے میں بھارت نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے 3 ؍وکٹوں کے نقصان پر 178 ؍رنز اسکور کیے۔ تاہم اِس ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے نیپال کی ٹیم 20 ؍اووروں میں صرف 96 ؍رنز ہی بنا پائی۔ اِس جیت کے ساتھ ہی بھارت نے سیمی فائنل میں اپنی جگہ پکی کرلی ہے۔

***** ***** *****

ریاستی وزیر محصول رادھا کرشن وِکھے پاٹل سے ملاقات کے بعد محکمۂ محصول کے تمام شعبہ جات کے ملازمین نے اپنی ہڑتال ختم کردی۔ وکھے پاٹل نے ملازمین سے ہڑتال ختم کرکے اعلیٰ سطحی انتظامی افسر اور ملازمین یونین کے عہدیداروں کی مشترکہ میٹنگ لے کر مطالبات کا حل نکالنے کے احکامات دیے۔ جس کے بعد محصول ملازمین کی تنظیموں نے ہڑتال واپس لینے کا اعلان کیا۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع اسپتال کے شعبہ امراض اطفال کو ریاست کے اولین ''قومی معیاری ایوارڈ'' کے لیے منتخب کرلیا گیا ہے۔ شعبہ امراض اطفال کے سربراہ ڈاکٹر گوپال کدم اور اُن کے معاونین کی بہتر و معیاری خدمات کے اعتراف میں یہ ایوارڈ دیا جارہا ہے۔ آئندہ یوم آزادی کے موقع پر سبھی کو ایوارڈس سے نوازا جائے گا۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع میں کمسنی کی شادی مخالف مہم کے تحت پالی ضلع پریشد اسکول میں بیداری پروگرام منعقد کیا گیا۔ اِس موقعے پر طلباء کو کم عمری کی شادی سے متعلق آگاہی حاصل کرنے کے لیے 1098 ؍ چائلڈ ہیلپ لائن سے رابطہ کرنے کی معلومات دی گئی۔

***** ***** *****

ترمیم شدہ فوجداری قوانین سے متعلق عوامی بیداری کے مقصد سے دھاراشیو میں ملٹی میڈیا نمائش کا کل سے آغاز ہوا۔ دھاراشیو ضلعے کے پولس سپرنٹنڈنٹ اتل کلکرنی اور ضلع وکیل تنظیم کے صدر پرساد جوشی کے ہاتھوں اِس معلوماتی نمائش کا افتتاح عمل میں آیا۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ مرکزی بجٹ میں پیداواری صلاحیت ، روزگار ، سماجی انصاف ، سمیت بدلتے وقت کے ساتھ اصلاحات کو ترجیح

☆ مرکزی بجٹ میں پیداواری صلاحیت ، روزگار ، سماجی انصاف ، سمیت بدلتے وقت کے ساتھ اصلاحات کو ترجیح

☆ تنخواہ دار ملازمین کے لیے معیاری کٹوتی کی حد 75/ہزار روپئے اور فیمیلی پینشنرس کے لیے25/ہزار روپئے کی حد مقرر

☆ مہاراشٹر کے لیے تقریباً 4/ہزار 545/کروڑ روپئے مختص ، جبکہ ریاست کے ساتھ سوتیلا سلوک کرنے کی اپوزیشن پارٹیوں کی تنقید

☆ ریاستی کابینہ کا آشا رضا کاروں، آنگن واڑی کارکنوں، گروپ پرموٹروں کو حادثاتی موت کے لیے 10 لاکھ روپئے اور معذوروں کے لیے5 لاکھ روپئے دینے کا فیصلہ

اور

☆ خواتین ایشیاء کپT-20/کرکٹ ٹورنامنٹ میں نیپال کو ہرا کر بھارت سیمی فائنل میں داخل

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینلAIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں ۔

☆☆☆